کر دیا ہے قیمت بھی معقول ہے ۔

درسِ قرآن ۔ جلد ۱۶، ۱۷، ۱۸

افادات : حضرۃ العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ
مرتب : جناب محترم عثمان غنی صاحب ۔
ناشر : دارالارشاد ، مدنی روڈ ، اٹک شہر پنجاب

مخدوم العلماء حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی کو اللہ پاک نے خدمت و اشاعت درسِ قرآن اور وحی الٰہی کے علوم و معارف کی خدمت کے لیے چن لیا ہے ان کی زندگی کے تمام مساعی قرآن حکیم کی خدمت درس اور اس کی اشاعت کے لیے وقف ہیں ان کے ساتھ اللہ کریم کی اجتبائی شان کریمی کا معاملہ یہ بھی ہے کہ ان کے تمام دروس قرآن اور علمی افادات بھی منضبط اور محفوظ ہو کر عمدہ زیور طباعت کے ساتھ منظر عام پر آتے رہتے ہیں ۔ پیش نظر درس قرآن ، اس سلسلہ زرین کی سولھویں ، سترھویں اور اٹھارویں کڑی ہیں ، باقی جلدوں پر کام جاری ہے ، یہ سلسلہ درس ۲۸ جلدوں میں مکمل ہوگا خدا کرے ہماری دعا ہے کہ باری تعالیٰ بقیہ جلدیں بھی جلد مکمل کر کے حضرت کی زندگی میں منظر عام پر آجاسکیں ۔ ان دروس کا سب سے زیادہ فائدہ جدید تعلیم یافتہ طبقہ کر رہا ہے حضرات اور عام لکھے پڑھے حضرات حاصل کر رہے ہیں ، بحمد اللہ ملک و بیرون ممالک اس کے باقاعدہ تعلیمی اور تدریسی حلقے بھی بن چکے ہیں ، تبلیغ و درس قرآن کا شغف رکھنے والے علماء کرام کے لیے بھی ایک نادر علمی تحفہ ہے ۔

ہمارے حلقہ قارئین میں یقین ہے کہ یہ درس قرآن تمام حضرات کی ذاتی لائبریریوں میں پہنچ چکا ہوگا تاہم جو حضرات ابھی تک اس سعادت سے محروم ہیں وہ بھی سبقت کریں اور اس عظیم قرآنی استفادہ سے خود کو مالا مال کر دیں ۔ قیمت واجبی اور معقول ہے ۔

محسنِ انسانیت

یہ بھی حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ کا نادر ، مختصر مگر جامع ، علمی و تبلیغی اور اصلاحی شاہکار ہے ، والدہ نہ ہوتی تو کائنات کا فرد بھی نہ ہوتا ، قرآن و حدیث اور تعلیمات نبویہ کی روشنی میں والدہ کا مقام ، برکات ، حقوق اور ان کے تقاضے کیا ہیں اسلامی اخلاقی اقدار میں ان کی کیا اہمیت ہے یہ رسالہ اس کی توضیح اور گویا دریا بہ کوزہ اندر ہے ۔

پردہ

تالیف : الحاج ابراہیم یوسف باوا صفحات ۱۰۴ قیمت ۲۰ روپے
E.Y BAWA - 15 STRATTON ROAD
GLOUCESTER GL1. 4HD ENGLAND - PHONE (0452) 306623

"پردہ ۔ مسلمان عورت کی عصمت و عفت کا قلعہ ہے" محترم حاجی ابراہیم یوسف باوا زید مجدہ کی دینی اصلاحی کتب کی زنجیر کی ایک مضبوط کڑی ہے آپ کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی اصلاح کا جو جذبہ و ولولہ دیا ہے